حضرت شيخ محمد محمت عادل الحقّاني

کی صحبت

# وہ کچھ نہیں کر سکتے

اسلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمان الرحیم۔
والصلاۃ والسلام علی رسولنا محمدٍ سیدُ الاولین والاخرین۔ مددیارسول اللہ' مدد یا اصحابِ رسول اللہ' مددیامشائخین شیخ عبداللہ داغستانی' شیخ ناظم الحقانی۔ دستور۔
طریقتنا صحبہ والخیرفی الجمیہ۔

اللہ(عزوجل) نے ہم کو یہ خوبصورت جگہ عطا فرمائی ہے۔ یہ دنیا کی ناف (مرکز) ہے۔ شروع سے ہی، یہ سارے گندے لوگ اس جگہ کو لینے کی کوشش کررہے ہیں۔ چونکہ یہ آخری زمانہ ہے، اب وہ بہت سخت کوشش کررہے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ وہ اس جگہ کو اپنی طاقت اور ترکیبوں سے ختم کر سکتے ہیں۔ لیکن اللہ(عزوجل) نے ایسے لوگ اس وقت پیدا کئے ہیں جو اللہ کے پیارے ہیں۔ اُن کی دعاؤں سے، کیونکہ وہ لائقِ احترام ہیں، اللہ نے چاہا تو اور کوئی خطرہ نہیں۔

وَمَكَرُواْ وَمَكَرَ اللّهُ

وَمَكَرُواْ وَمَكَرَ اللہ، (سورۃ العمران: ۵۴ )۔'' اُنھوں نے ایک جال بچھایا اور اللہ نے ایک جال بچھایا''۔ اللہ جو چاہے وہ کرتے ہیں۔ وہ جتنا چاہیں بُرائی اور جال پیدا کرسکتے ہیں۔ چونکہ لوگ، اولیاءاللہ کا ادب کرتے ہیں۔ وہ حضرت رسولﷺ کا ادب کرتے ہیں جو اللہ کے سب سے پیارے بندے ہیں۔ اللہ(عزوجل)، اُن کو کبھی غلام نہیں بنائینگے۔ اور اللہ نے چاہا تو وہ ہمیشہ سردار ہی رہیں گے۔

جب تک وہ اللہ کی راہ میں کام کرنے اور اللہ کے احکام ماننے کے لئے جدوجہد کریں گے، اللہ اُنکی مدد کریں گے اور کوئی اُن کو نقصان نہیں پہنچاسکتا۔ ہمیشہ یہی معاملہ ہے اور کبھی نہیں بدلتا۔ یہ ایک ایسی چیز ہے جو کبھی نہیں بدلتا۔ اس کو کوئی نہیں بدل سکتا۔

اب لوگ ایک ہنگامہ کر رہے ہیں اور کہتے ہیں، '' یہ آیا اور وہ آیا''۔ کوئی ہنگامہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ جب تک اللہ ہمارے ساتھ ہے، اللہ نے چاہا تو کوئی ڈر نہیں ہے۔ اللہ ہمارے دل سے یہ محبت کبھی نہ نکالے۔ اللہ ہمارے دلوں میں اپنے اولیاء اور رسولﷺ کی محبت ہمیشہ قائم رکھے، انشاءاللہ۔ ایک مرتبہ جو یہ ہمارے پاس ہے تو پھر یہ ہمارا سب سے بڑا ہتیار ہے۔ یہ جو ہمارے پاس ہو تو کوئی ہمارے ساتھ کچھ نہیں کرسکتا۔

حضرت شیخ محمد محمت عادل الحقّاني

کی صحبت

ومن اللہ التوفیق۔

الفاتحہ

حضرت شیخ محمّد محمت عادل

۲۱ستمبر ۲۰۱٦/ ۱۹ ذی الحجہ ۱۴۳۷

اکبابا درگاہ، صبح نماز